Roll No..........................

BAUL-101

Urdu Nasr

(اردو نثر)

Bachelor of Arts (BA-12/16/BAS-12) URDU

First Year, Examination, 2017

Time : 3 Hours **Max. Marks : 80**

نوٹ:۔ یہ پرچہ تین حصّوں ’الف‘، ’ب‘ اور ’ج‘ پر مشتمل ہے۔

تمام حصّوں کے سوالات کے جوابات متعلقہ ہدایت کے مطابق تحریر کیجیے۔

(حصّہ الف)

مندرجۂ ذیل سوالات میں سے صرف دو سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ ہر سوال کے ۱۹ نمبر ہیں۔

۳۸=۱۹×۲

۱۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کے کیجیے۔

دروغ دیوزاد بہروپ بدلنے میں طاق تھا۔ ملکہ کی ہر بات کی نقل کرتا تھا اور نئے نئے سانگ بھرتا تھا تو بھی وضع اس کی گھبرائی ہوئی معلوم ہوتی تھی۔ دنیا کی ہوا وہوس ہزاروں رسالے اور پلٹنیں اس کے ساتھ لیے تھیں اور چوں کہ یہ ان کی مدد کا محتاج تھا۔ اسی لالچ کا مارا کمزور تابع داروں کی طرح ان کے حکم اٹھاتا تھا۔ ساری حرکتیں اس کی بے سنی تھیں اور کام بھی الٹ پلٹ بے اوسان تھے کیوں کہ استقلال ادھر نہ تھا۔ اپنی شعبدہ بازی اور نیرنگ سازی سے فتح یاب تو جلد ہو جاتا تھا مگر تھم نہ سکتا تھا۔ ہوا وہوس اس کے یار وفادار تھے اور اگرچہ کچھ تھے تو وہی سنبھالے رہتے تھے۔

یا

مولانا حالی انگریزی مطلق نہیں جانتے تھے، ایک آدھ بار سیکھنے کا ارادہ کیا، نہ ہو سکا لیکن حیرت یہ ہے کہ مغربی تعلیم و تہذیب کے منشا کو جیسا وہ سمجھتے تھے اس وقت بہت سے انگریزی تعلیم یافتہ بھی نہیں سمجھتے تھے۔ ان کا کلام اور ان کی تصانیف اس کی شاہد ہیں اور یہ جو سمجھتے تھے وہ کر کے دکھایا۔ آج سیکڑوں تعلیم یافتہ موجود ہیں لیکن ان میں سے کتنے ہیں جنھوں نے اس کا عشر عشیر بھی کیا ہو۔ تاہم مولانا نے اپنی بساط کے موافق عملی میدان میں بھی اپنی دو یادگاریں چھوڑی ہیں۔ ایک تو انہوں نے اپنے وطن پانی پت میں مدرسہ قائم کیا جو اب حالی مسلم ہائی اسکول کے نام سے موسوم ہے اور ایک پبلک اور نیشنل لائبریری قائم کی جو پانی پت میں سب سے بلند اور پُر فضا مقام پر واقع ہے۔

۲۔ انشائیہ دیگر نثری اصناف سے کس طرح مختلف ہے۔ واضح کیجئے۔

۳۔ سرسید احمد خاں کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

۴۔ مولوی عبدالحق کی خاکہ نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

(حصّہ ب)

درج ذیل سوالات میں سے کسی چار (۴) سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے ۸ نمبر ہیں۔

۴×۸=۳۲

۱۔ خاکہ نگاری کی روایت پر روشنی ڈالئے۔

۲۔ شبلی نعمانی کے سوانحی حالات قلم بند کیجئے۔

۳۔ عبدالحلیم شرر کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

۴۔ ''عورتوں کے حقوق'' کے اہم نکات کی نشان دہی کیجئے۔

۵۔ مولوی عبدالحق کے مضمون ''حالی'' کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھئے۔

۶۔ تحریر وتقریر میں کہاوت کی اہمیت پر اظہار خیال کیجیے۔

۷۔ ''سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

۸۔ محاورہ کسے کہتے ہیں۔مثالیں دے کر واضح کیجیے۔

(حصّہ ج)

درج ذیل سبھی دس معروضی سوالات کے صحیح جوابات لکھیے۔ ہر سوال ۱ نمبر کا ہے۔ ۱×۱۰=۱۰

دیے گئے معروضی سوالات کے صحیح جوابات تحریر کیجیے۔

۱۔ محمد حسین آزاد کے والد کس اخبار کے ایڈیٹر تھے؟

(الف) اودھ پنچ

(ب) اردو اخبار

(ج) ہمدرد

(د) الہلال

۲۔ '''عورتوں کے حقوق'' کا مصنّف کون ہے؟

(الف) سرسید احمد خاں

(ب) الطاف حسین حالی

(ج) محمد حسین آزاد

(د) عبدالحلیم شرر

۳۔ عبدالحلیم شرر کے مضمون کا نام کیا ہے؟

(الف) سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ

(ب) عورتوں کے حقوق

(ج) سرسید مرحوم اور اردو لٹریچر

(د) دیہات کی زندگی

۴۔ عبدالحلیم شرر کی پیدائش کہاں ہوئی تھی؟

(الف) لکھنؤ

(ب) کانپور

(ج) رام پور

(د) حیدرآباد

۵۔ مولوی عبدالحق کے مضمون کا نام کیا ہے؟

(الف) علی بابا

(ب) تیسری آنکھ

(ج) حالی

(د) بابائے فرہنگ

نوٹ:۔صحیح لفظ سے خالی جگہ کو پر کیجیۓ۔

۶۔ چراغ تلے اندھیرا.............ہے۔ (مہاورہ/کہاوت)

۷۔ کتاب کی جمع.......................ہے۔(کتب/کاتب)

۸۔ سیرت النبی کے مصنف کا نام.............ہے۔

(مولوی عبدالحق/شبلی نعمانی)

۹۔ کرسی...................ہے۔ (مذکّر/موئنّث)

۱۰۔ آنکھ لگنا................ہے۔ (مہاورہ/کہاوت)